ضلع ہنزہ نگر کے 22 یونین کونسلوں کے چیئرمین اور وائس چیئرمین کے انتخابات کے لیے ریٹرننگ افسران کی تعیناتی

(نمائندہ خصوصی) ضلع ہنزہ نگر کے 22 یونین کونسلوں کے چیئرمین اور وائس چیئرمین کے انتخابات کے لیے ریٹرننگ افسران کی تعیناتی کر دی گئی ہے۔ ڈپٹی کمشنر ہنزہ نگر کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق تمام ریٹرننگ افسران کا تعلق ضلعی انتظامیہ کے مختلف شعبوں سے ہے۔ ان افسران کی ذمہ داری اپنے اپنے یونین کونسل کے انتخابی عمل کو شفاف، پرامن اور ضابطہ کے مطابق مکمل کرانا ہوگی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ریٹرننگ افسران کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ انتخابی مہم، کاغذاتِ نامزدگی کی جانچ پڑتال اور پولنگ کے دن کسی بھی قسم کی جانبداری یا دباؤ کا مظاہرہ نہ کریں۔ ہر افسر کو اپنے حلقے میں امن و امان برقرار رکھنے کے لیے ضلعی پولیس اور لیویز کے ساتھ مکمل رابطہ رکھنے کا پابند بنایا گیا ہے۔